مشرقی پاکستان کی یادیں | از جناب سید اسعد گیلانی - ترتیب و تدوین: اسلامی اکادمی منصورہ، ملتان روڈ، لاہور - ناشر: حمایتِ علی کیبشنز، اُردو بازار، لاہور صفحات ۱۶۰ قیمت: ۲۷/- روپے۔

برادرم گیلانی صاحب اور ہیں عمر کے ایسے حصّے ہیں، جب کہ ہر فارغ وقت میں یادوں کے فلم دماغوں کے ہال میں چلتے رہتے ہیں۔ آدمی چاہتا ہے کہ یہ تماشا دوسروں کو بھی دکھائے۔ مگر اسعد صاحب کی یادیں تو تاریخ بھی ہیں، درسِ دعوت بھی، تحریکی کارکنوں کے لیے سامانِ تربیت بھی۔ اور پھر وہ حد درجہ "حسین و دلنواز" بھی ہیں (ص ۶)

اس البم میں تین قسم کی تصویریں ہیں —— عام بنگالی مسلمانوں کی تصویر ہے۔ مسلم لیگ کی تصویر ہے اور گیلانی صاحب کے رفقائے تحریک کی تصویر ہے (ص ۷-۸)۔

مولانا مودودیؒ کے فیصلے کے تحت چوہدری علی احمد خاں مرحوم کے معاون کی حیثیت سے گیلانی صاحب ۱۰ جون ۱۹۵۴ء کو کراچی سے روانہ ہوئے۔ پھر وہاں جاکر ان حضرات نے جس سرگرمی سے کام کیا اُس کا تصور آپ اس مختصر کتاب سے اخذ کر سکتے ہیں۔ گیلانی صاحب وہاں کے سرسبز و دلکش ماحول، وہاں کے دریا، وہاں کی کشتیاں، وہاں کے انناس اور اور ناریل، وہاں کی مچھلیاں، وہاں کی چٹائیاں اور لکڑیاں، وہاں کی غربت، وہاں کی غذائیات اور خصوصیات کو جزء بہ جزء آپ کے سامنے دلکش انداز میں رکھتے ہوئے ساتھ ساتھ اپنی خدمات اور وہاں کے رفیقوں کی محبتوں اور جان کاہیوں کی داستان بڑی دلچسپی سے سناتے ہیں۔

اس کتاب کو پڑھنے کے بعد جیسے پھر کچھ رہ ہی نہیں جاتا۔ مگر افسوس کہ ہماری بہترین مہمات کے کئی برس کی محنتیں اس حادثے کو نہ روک سکیں جس نے پاکستان کو دولخت کر دیا۔

تفکّر | مدیر مسئول سید شبیر بخاری - مقام اشاعت: ۵۲۳ جہان زیب بلاک، مخدوم جہانیاں اکیڈمی، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور - کوڈ: ۵۴۵۷۰ - فی شمارہ ۱۵/- روپے، زرِ سالانہ پچاس روپے۔

یہ جلد اوّل کا شمارہ دوم ہے۔ مجلہ ہذا سہ ماہی بھی ہے اور سہ لسانی بھی (یعنی اُردو